میسڈونیا کے ممبر پارلیمنٹ کی حضور انور سے ملاقات اور نیک جذبات کا اظہار

ملک Macedonia سے آنے والے ممبر پارلیمنٹ Dr. Mile Pachemski اپنی اہلیہ اور ایک بیٹے کے ساتھ آج کے اس پروگرام میں شامل تھے اور انہوں نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا جرمن و دیگر مہمانوں سے یہ خطاب سٹیج پر بیٹھ کر سنا۔

خطاب کے بعد جب حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز واپس تشریف لے جانے لگے تو موصوف نے حضور انور کی خدمت میں میسیڈونیا کا قومی پرچم، سکندر اعظم کی تصویر اور میسیڈونیا کے بارہ میں کتب کا تحفہ پیش کیا۔ اور حضور انور کی خدمت میں عرض کیا کہ میں اپنی طرف سے اور اپنی قوم کی طرف سے حضور کی خدمت میں سلام اور نیک تمنّاؤں کا پیغام پیش کرتا ہوں۔ حضور انور سے ملاقات میرے لئے ایک اعزاز ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ان کے جلسہ پر آنے کا شکریہ ادا کیا اور "Life of Mohammad" (صلی اللہ علیہ وسلم) اور بعض دیگر کتب ان کو عطا فرمائیں۔

موصوف نے کہا کہ انہوں نے احمدی اور دیگر مسلمانوں میں فرق کو دیکھا ہے اور وہ چاہتے ہیں کہ جماعت احمدیہ ہر ملک میں اسی طرح Active ہو اور میں چاہتا ہوں کہ جماعت کی میسیڈونیا میں ہر ممکن مدد کروں تاکہ آپ کی مشکلات دور ہوں۔ انہوں نے جلسہ کے تمام انتظامات پر خوشی کا اظہار کیا اور جلسہ کے ماحول کو بہت پسند کیا۔

بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائشگاہ پر تشریف لے گئے۔